نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آم کے باغات کے تحفظ کیلئے حکمت عملی جاری کردی

لاہور:08مئی2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان آم کے باغات کی 12-14 دن کے وقفے سے زمینی اور موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آب پاشی کریں۔ پھل کی مکھی کے انسداد کے لیے چھ پھندے فی ایکٹر لگائیں پھندے میں روئی کا زہر آلود تونبہ ہر پندرہ دن بعد پھل توڑنے تک تبدیل کرتے رہیں اور گرے ہوئے پھل کو جمع کرکے زمین میں دبادیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ آم کے پھل کے کیرے کو روکنے کے لیے زنک سلفیٹ بحساب200 گرام اور یوریا ایک کلوگرام فی 100 لٹرپانی میں ملاکر سپرے کریں۔مزید براں، پھل بننے سے لیکر پھل کی برداشت تک انتظراکنوز اور پھل کی ڈنڈی کی سڑن کا خطرہ موجود رہتا ہے اس لیے بارش کے بعد ضرورت پڑنے پر پھپھوندکش زہر کے کم از کم دو سپرے کریں

☆☆☆☆